HABIB BANK حبیب بینک HBL

# غیر معمولی اجلاس عام کی اطلاع

بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ حبیب بینک لمیٹڈ کے شیئر ہولڈرز کا اہم اجلاس، سرینا ہوٹل اسلام آباد میں بروز بدھ مورخہ 24 مئی، 2017 کو درج ذیل امور کی انجام دہی کے لیے منعقد ہوگا۔

## خاص مقصد:

1۔ 22 مارچ 2013 کو ہونے والے اجلاس عام اور 29 مارچ 2014 کو ہونے والے اجلاس عام (2013 اور 2014 کے AGMs) میں HBL "بینک" کے شیئر ہولڈرز نے خصوصی قرارداد کے ذریعے ڈائمنڈ ٹرسٹ بینک کینیا لمیٹڈ ("DTBK") کے 14.32 فیصد اضافی شیئر ہولڈنگ کی منظوری دی تھی۔

مذکورہ خصوصی قرارداد کے تحت بینک نے اپنے کینیا برانچز کے کاروبار کے اثاثوں اور واجبات (متفقہ اثاثوں اور واجبات کے علاوہ) ("بزنس") کی DTBK میں منتقلی کے لیے 21 مارچ 2017 کو DTBK کے ساتھ ایک ایسیٹ پرچیز ایگریمنٹ ("ایگریمنٹ") کیا ہے اور اس سلسلے میں DTBK اپنے 13,281,105 عام شیئرز بینک کو جاری اور الاٹ کرے گا جس سے DTBK میں بینک کی مجموعی شیئر ہولڈنگ 11.97 فیصد سے بڑھ کر 16.15 فیصد ہو جائے گی (یعنی 4.18 فیصد کا اضافہ)۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے مورخہ 13 مارچ 2017 کو بذریعہ خط متعلقہ ٹرانزیکشن کی مشروط منظوری دی ہے۔

اس لیے اب، کینیا کے قوانین کے تحت، شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ DTBK میں کاروبار کی منتقلی کی منظوری دیں اور مندرجہ ذیل قرارداد کو ترمیم یا ترمیم کے بغیر پاس کریں۔

قرار پایا کہ: (الف) 2013 اور 2014 کے AGMs میں شیئر ہولڈرز کی جانب سے دی جانے والی منظوری اور (ب) اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی مذکورہ بالا منظوری اور کینیا کے قوانین کے مطابق قابل اطلاق تمام ریگولیٹری کی منظوری سے مشروط بینک کی کینیا برانچز کے بزنس کے تمام اثاثوں اور واجبات (متفقہ اثاثوں اور واجبات کے علاوہ) کی DTBK میں منتقلی اور اس سلسلے میں ایگریمنٹ کی شرائط کے تحت DTBK کی جانب سے بینک کو 13,281,105 عمومی شیئرز کا اجراء اور الاٹمنٹ۔

قرار پایا کہ، مندرجہ بالا قرارداد کی منظوری کے لیے بینک کے بورڈ آف ڈائریکٹرز یا کوئی فرد یا افراد جو کہ بینک کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے مجاز کنندہ ہوں انہیں اور ان میں سے ہر کسی کو اس سلسلے میں ممکنہ اقدامات کرنے اور فراہم کرنے کے لیے اختیار حاصل ہے کہ وہ بینک کی جانب سے اور بینک کے نام سے تمام اقدامات، ایگریمنٹس اور ڈیکلیئریشن جو کہ ضروری ہوں یا وہ انہیں کرنا درست سمجھتے ہوں یا مذکورہ بالا انتظام سے متعلق ہو بشمول اس سلسلے میں کسی پابندی، کسی منظوری، سینکشن یا ترمیم کے بغیر۔

غیر معمولی اجلاس عام میں انجام دیے جانے والے خصوصی کاروبار کی معلومات کمپنیز آرڈیننس 1984 کے سیکشن 160(1)(b) کے تحت لازم ہے شیئر ہولڈرز کو بھیجے جانے والے عام اجلاس کے نوٹس کے ساتھ شامل ہے۔

بحکم بورڈ

3 مئی، 2017

کراچی

**نوشین احمد**

کمپنی سیکریٹری

## نوٹ:۔

i) رجسٹر آف ممبرز اور شیئر ٹرانسفر بکس 11 مئی، 2017 سے 17 مئی 2017 (بشمول دونوں دن) بند رہیں گی۔

ii) صرف وہ افراد اس اہم اجلاس میں شرکت اور ووٹ کرنے کے اہل ہوں گے جن کے نام 10 مئی 2017 تک بینک کے رجسٹر آف ممبرز میں موجود ہوں گے۔

iii) اہم اجلاس میں شرکت کا اہل رکن اگر چاہے تو اپنی جگہ کسی اور کو پراکسی کے طور پر نامزد کر سکتا ہے بشرطیکہ وہ شخص HBL کا اہم رکن ہو۔ خیال رہے کہ پراکسیز کے دستخط اور تصدیق شدہ دستاویزات بینک کے رجسٹرڈ آفس میں اہم اجلاس سے کم از کم 48 گھنٹے پہلے تک جمع کرائے جا چکے ہوں۔

iv) اراکین سے درخواست کی جاتی ہے کہ رجسٹرڈ ایڈریس میں تبدیلی کی صورت میں فوراً ہمارے شیئرز رجسٹرار سے اس پتے پر رابطہ کریں۔ میسرز سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی، CDC ہاؤس B-99، بلاک 'B'، سندھی مسلم کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی (S.M.C.H.S)، مین شاہراہ فیصل، کراچی - 74400۔

v) CDC اکاؤنٹ ہولڈرز کو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے 26 جنوری، 2000 کو جاری کردہ سرکلر 1 میں درج ہدایات پر عمل درآمد کرنا ہوگا۔

### الف۔ اجلاس میں شرکت کے لیے:

i) افراد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا وہ فرد جن کی سیکیورٹیز، گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات قواعد وضوابط کے مطابق اپ لوڈ ڈ ہیں، انہیں اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل پاسپورٹ پیش کر کے اپنی شناخت ثابت کرنا ہوگی۔

ii) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی مع نامزد کردہ شخص کے دستخط کے نمونے اجلاس میں شرکت کے وقت پیش کئے جائیں (اگر وہ پہلے پیش نہ کئے گئے ہوں)۔

### ب۔ پراکسیز کے تقرر کے لیے:

i) افراد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر/ یا وہ فرد جن کی سیکیورٹیز، گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات قواعد وضوابط کے مطابق اَپ لوڈ ڈ ہیں انہیں درج بالا ضابطے کے مطابق پراکسی فارم جمع کرانے ہوں گے۔

ii) پراکسی فارم کی توثیق دو افراد کی جانب سے ہونی چاہیئے جن کے نام، پتے اور CNIC نمبر فارم پر درج ہوں۔

iii) بینیفیشل اونرز اور پراکسی کے CNIC کی تصدیق شدہ نقول پراکسی فارم کے ساتھ پیش کرنا ہوں گی۔

iv) اجلاس کے وقت پراکسی کو اپنا اصل سی این آئی سی یا پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

v) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی مع نمونہ دستخط پراکسی فارم کے ساتھ بینک میں جمع کرائے جائیں (اگر پہلے جمع نہ کرائے گئے ہوں)۔